Urdu

کیا آپ کے بچے کو معمول کے ٹیکے لگ گئے؟

Did your child get their routine vaccines?

ویکسین محفوظ ہے۔ بیماری ہونے کے مقابلے میں ویکسین لگوانا زیادہ محفوظ ہے۔ جیسے جیسے آپ کا بچہ بڑا ہوتا جاتا ہے، ویسے ویسے بچپن میں لگی ویکسین سے تحفظ ختم ہوتا جاتا ہے۔ بچوں کو نئی بیماریوں کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ تمام ویکسین بروقت لگوا کر اپنے بچے اور دوسروں کی حفاظت کریں۔

B.C. کے بچوں کے لیے ویکسین کے معمول کے شیڈیول کے بارے میں جاننے کے لیے، ImmunizeBC کی ویب سائٹ immunizebc.ca/infants-young-children ملاحظہ کریں۔

کیسے چیک کریں کہ آیا آپ کے بچے کا حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ تازہ ترین ہے یا نہیں

معمول کی ویکسین کے لیے: immunizebc.ca/vaccination-status-indicator پر آن لائن ویکسینیشن اسٹیٹس انڈیکیٹر ٹول استعمال کریں

COVID-19 ویکسین کے لیے: fraserhealth.ca/health-topics-a-to-z/coronavirus/covid-19-vaccine/immunization-record پر آن لائن صوبائی ڈیٹا بیس (ہیلتھ گیٹ وے) کا استعمال کریں

اگر آپ کے بچے کے حفاظتی ٹیکہ کے آن لائن ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپ تازہ ترین نہیں ہے لیکن ایک اور ہیلتھ کیئر پرووائیڈر (صحت عامہ سے باہر) نے ویکسین دی ہے تو اس پرووائیڈر سے رابطہ کریں۔ اپنے بچے کے حفاظتی ٹیکے کے ریکارڈ کی ایک کاپی مانگیں۔ fraserhealth.ca/immunizationform پر اپنے بچے کی ویکسین کی آن لائن اطلاع دیں۔

اگر آپ کے بچے کو B.C. سے باہر COVID-19 ویکسین لگی ہے، تو اپنے حفاظتی ٹیکے کا ریکارڈ وزارت صحت کو immunizationrecord.gov.bc.ca پر بھیج دیں۔

ویکسین کہاں لگوائیں

اگر آپ کے بچے کو ابھی تک معمول کی ساری ویکسین نہیں لگی ہیں، تو اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ، فیملی پریکٹیشنر، یا فارماسسٹ سے رابطہ کریں۔ تمام روٹین ویکسینز B.C. میں مفت ہیں۔

یہ جاننے کے لیے کہ ویکسین کہاں لگوائی جائے، fraserhealth.ca/getimmunized ملاحظہ کریں۔ تمام فیملی پریکٹیشنرز اور فارماسسٹ ویکسین نہیں لگاتے ہیں، اس لیے پوچھنے کے لیے پیشگی کال کریں۔

اپائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے، اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے رابطہ کریں:

- اگر آپ مشن، ایبٹس فورڈ، چلی ویک، اگاسیز اور ہوپ میں رہتے ہیں: 604-702-4906
- اگر آپ فریزر ہیلتھ کے دوسرے کسی بھی علاقے میں رہتے ہیں: 604-476-7087

مزید معلومات کے لیے

fraserhealth.ca/immunizations ملاحظہ کریں یا اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے رابطہ کریں۔

علاقائی امیونائزیشن CDNC ٹیم